PR – XI (01) (24)

معاشیات

نوٹ: سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

سیکشن (ب)

سوال ۲: درج ذیل میں سے دس (۱۰) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر جزو کے پانچ نمبر ہیں۔

۱) جزیاتی معاشیات اور کلیاتی معاشیات میں فرق ہے؟ مثالیں دیں۔

۲) معاشی مسئلہ سے کیا مراد ہے؟

۳) خطوط عدم ترجیح کا جھکاؤ کیوں منفی ہوتا ہے؟

۴) معاشی اور غیر معاشی اشیاء میں کیا فرق ہے؟ مثالیں دیں۔

۵) قانون مساوی افادہ مختتم کی تعریف کریں؟

۶) تکثیری تفاعل اور تقلیل تفاعل میں کیا فرق ہے؟ مثالیں دیں۔

۷) طلب کا پھیلنا اور سکڑنا سے کیا مراد ہے؟

۸) آمدنی لچک کی وضاحت کریں؟

۹) رسد اور ذخیرہ میں کیا فرق ہے؟

۱۰) منڈی کے توازن سے کیا مراد ہے؟

۱۱) مشترکہ سرمایہ کی کمپنی سے کیا مراد ہے؟

۱۲) منڈی کے پانچ لوازمات تحریر کیجیے؟

۱۳) معین مصارف اور مختتم مصارف میں کیا فرق ہے؟ مثالیں دیں۔

سیکشن (ج)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے تین سوالات کے مفصل جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

سوال 3: آدم سمتھ کی بیان کردہ معاشیات کی تعریف مفصل لکھیں؟

سوال 4: قانون طلب سے کیا مراد ہے؟ گوشوارہ اور ڈائیگرام سے وضاحت کریں؟

سوال 5: قانون تکثیر حاصل سے کیا مراد ہے؟ گوشوارہ اور ڈائیگرام سے وضاحت کریں؟

سوال 6: منڈی کی تعریف کریں۔ مکمل مقابلے کی منڈی کی خصوصیات مفصل لکھیں؟

www.ilmkidunya.com